ROZNAMA AL HAYAT Ranchi Friday 05-05-2023



# اُردو یونیورسٹی میں داخلوں کا آغاز۔ 8 نئے کورسس متعارف

## پی ایچ ڈی، پیرامیڈیکل و سائنسی علوم میں پی جی کورسس۔ پیشہ ورانہ اور تکنیکی پروگرامس دستیاب

الحیات نیوز سروس

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے تعلیمی سال 2023-24 کے لیے مرکزی کیمپس حیدرآباد اور دیگر سیٹلائٹ کیمپسوں لکھنو، سری نگر کے علاوہ مختلف ریاستوں میں موجود کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ایز) اور پالی ٹیکنیکس کے لیے ریگولر کورسس میں آن لائن داخلوں کا اعلامیہ جاری کردیا ہے۔ اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی ملک کی یہ واحد جامعہ ہے۔ جسے حال ہی میں NAAC سے A+ گریڈ حاصل ہوا ہے۔ گذشتہ برسوں شروع کیے گئے بی ووک کورسز کے طلبہ کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر اس سال ماسٹر آف ووکیشنل کورس (ایم ووک) کا آغاز کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایم ووک (میڈیکل امیجنگ ٹیکنالوجی اور میڈیکل لیباریٹری ٹیکنالوجی) نئے کورسز میں شامل ہیں۔ ان کے علاوہ اردو ثقافتی مطالعات اور تقابلی مطالعات میں پی ایچ ڈی، ایم ایس سی (طبیعیات، کیمیائی، نباتیات اور حیوانیات)، کل وقتی پی جی ڈپلوما ٹیچنگ انگلش؛ تلگو، کشمیری اور ترکی زبان کے سرٹیفکیٹ کورسز شامل ہیں۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار کے جاری کردہ اعلامیہ کے بموجب انٹرنس کے ذریعہ داخلہ دیے جانے والے کورسز میں پی ایچ ڈی عربی، اردو، انگریزی، ہندی، فارسی، مطالعات ترجمہ، تقابلی مطالعات؛ مطالعات نسواں، نظم و نسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سوشیالوجی، دکنی اسٹڈیز، اردو ثقافتی مطالعات؛ تعلیم؛ صحافت و ترسیل عامہ؛ مینجمنٹ، کامرس؛ ریاضی، طبیعیات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات اور کمپیوٹر سائنس شامل ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر انٹرنس کی اساس کے کورسز میں پوسٹ گریجویٹ پروگرامس ایم بی اے؛ ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ اور بی ایڈ، یو جی میں بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس) اور بی ٹیک (سی ایس) لیٹرل انٹری شامل ہیں۔ پیشہ ورانہ ڈپلوما کورسز میں ایلمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ)؛ پالی ٹیکنک - ڈپلوما ان انجینئرنگ (سیول، کمپیوٹر سائنس، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن، انفارمیشن ٹکنالوجی، میکانیکل، الیکٹریکل و الیکٹرانکس، آٹو موبائل اینڈ اپیرل ٹکنالوجیز انجینئرنگ) شامل ہیں۔ انٹرنس کے کورسس میں آن لائن درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 28 مئی 2023 ہے۔ میرٹ کی اساس پر داخلے کے کورسز میں ایم اے، ایم ایس ڈبلیو (سوشل ورک)، صحافت و ترسیل عامہ، ایم کام اور ایم ایس سی، ایم ووک (ایم ایل ٹی اور ایم آئی ٹی)، مختلف پی جی ڈپلوما، ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ کورسز دستیاب ہیں۔ ان کورسز میں آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری 24 جولائی ہے۔ لکھنو اور سری نگر کیمپس میں ایم اے و پی ایچ ڈی میں داخلے ہیں۔ جبکہ سی ٹی ایز دربھنگہ اور بھوپال میں ایم ایڈ، بی ایڈ اور پی ایچ ڈی (تعلیم)، سی ٹی ایز (سری نگر، آسنسول، اورنگ آباد، سنبھل، نوح اور بیدر) میں بی ایڈ کورس دستیاب ہے۔ ڈپلوما انجینئرنگ کورسز پالی ٹیکنیک، دربھنگہ، بنگلور، کڑپہ اور کٹک میں موجود ہیں۔ درخواستیں صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تفصیلات ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ کسی وضاحت کے لیے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ داخلہ ہیلپ ڈیسک رابطہ برائے عمومی رہنمائی کے لیے موبائل نمبرات 9866802414,6207728673, 8527164610 ,6302738370 اور 8178388177 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

Aadab Telangana, 05-05-2023

# مانو میں اقتصادی فیصلوں کے تعلیم پر اثرات کے موضوع پر لیکچر کا انعقاد

حیدرآباد، 4رمئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام G20 یونیورسٹی کنیکٹ پروگرام کے تحت پروفیسر ریمش چندر، یونیورسٹی آف دہلی (ریٹائرڈ) کا بعنوان ''تعلیم پر اقتصادی فیصلوں کے اثرات: قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں عکاسی'' آن لائن لیکچر کا کل انعقاد عمل میں آیا۔ انہوں نے معیار اور طلبہ کو مسابقتی جاب مارکٹ کے لیے درکار مہارتوں سے لیس کرنے کے لیے این ای پی 2020 کے تحت کیے گئے اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت نے خیر مقدمی خطاب کیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبہ نے اختتامی خطاب کیا۔ ڈاکٹر اشونی، اسوسیٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ بڑی تعداد میں دیگر جامعات کے طلبہ اور اساتذہ نے بھی اس لیکچر میں آن لائن شرکت کی۔

**Aadab Telangana, 05-05-2023**

# فرانس میں تعلیمی مواقع پر اردو یونیورسٹی میں پروگرام



حیدرآباد، 4رمئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور کیمپس فرانس انڈیا (سی ایف آئی) کے اشتراک سے ''فرانس میں تعلیمی مواقع'' پر آج ایک لیکچر منعقد کیا گیا۔سی پی ڈی یو ایم ٹی آڈیٹوریم، مانو کیمپس میں منعقدہ پروگرام کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔اس موقع پر کیمپس فرانس کی نمائندہ محترمہ مرین رانگھان، نے فرانس کے تعلیمی نظام، داخلے کے لیے درکار ضروریات، دستیاب کورسس کے متعلق قیمتی معلومات فراہم کیں تا کہ طلبہ فرانس کے کثیر تعلیمی مواقع سے استفادہ کرسکیں۔پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ ملک نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو نافذ کر رہا ہے تا کہ ہندوستانی تعلیمی نظام کو نئی جہت دی جاسکے۔آج کا پروگرام بھی نئی تعلیمی پالیسی کے تحت طلبہ کی رہنمائی اوران کے درخشاں مستقبل کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔ ہمارے ملک میں جہاں زیادہ سے زیادہ طلبہ بیرون ملک میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں انہیں اس طرح کے پروگرام، وہاں دستیاب مواقع اور مستقبل کے لیے ان کی ذہن سازی میں معاون ہوتے ہیں۔اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، پروفیسر محمد فریاد، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت، پروفیسر شکیل احمد، اسکول برائے سائنسی علوم بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ بڑی تعداد میں طلبہ نے پروگرام میں شرکت کی اور کیمپس فرانس کے نمائندوں سے سوالات کرتے ہوئے معلومات میں اضافہ کیا۔

Aadab Telangana, 05-05-2023

# اردو یونیورسٹی کے شعبہ اسلامک اسٹڈیز میں ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ وفد کا دورہ

حیدرآباد، 4رمئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اسلامک اسٹڈیز کا ہنری مارٹن انسٹیٹیوٹ سے مذہبی رہنماؤں پر مشتمل ایک وفد نے دورہ کیا۔ اس موقع پر ایک تعارفی نشست بعنوان ''ثقافتی تنوع، مذہب اور نظام تعلیم کی تفہیم'' کا اہتمام کیا گیا، جس میں ڈاکٹر فادر وکٹر ایڈون سینئر ریسرچ فیلو اسلامک اسٹڈیز، ودیا جیوتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ کا مقصد عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان رشتے کو سمجھنا اور مضبوط کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مختلف مذاہب کی تفہیم کیلئے ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ ہر سال سمر اسکول کے تحت ملک اور بیرون ملک کے طلبہ، اساتذہ اور پادریوں پر مشتمل وفد مختلف جامعات اور تحقیقی اداروں کا دورہ کرتا ہے ،تاکہ مختلف مذاہب کی تعلیمات کو سمجھا جاسکے۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر عبد المجید قدیر خواجہ نے اسلام کی بنیادی تعلیمات پر خطاب کرتے ہوئے سورہ اخلاص کی روشنی میں اللہ کی وحدانیت اور انبیا کی ضرورت پر بات کی نیز محمد ﷺ کی شخصیت کو مصلح قرار دیتے ہوئے بتایا کہ آپ ﷺ نے زندگی کے ہر میدان میں عملی بدلاؤ لاکر لوگوں کی رہنمائی کی۔ اس کے بعد پروفیسر محمد حبیب نے اپنے صدارتی خطاب میں اسلامی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اسلام کے ساتھ دوسرے مذاہب کی تعلیمات سے بھی واقفیت حاصل کرنی چاہئے تاکہ مذہبی بھائی چارگی کو فروغ دیا جاسکے۔ خطاب کے بعد سوال و جواب کی نشست منعقد ہوئی جس میں ہنری مارٹن کے وفد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس تعلیمی نشست سے استفادہ کا موقع ملا اور اسلام کی صحیح تعلیمات سے واقفیت ہوئی۔ پروگرام کا آغاز مدیحہ بیگم (ایم اے سال دوم) کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، ڈاکٹر محمد عرفان احمد (اسسٹنٹ پروفیسر) نے استقبالیہ کے ساتھ شعبہ کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد سراج الدین (اسسٹنٹ پروفیسر) نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر عاطف عمران (اسسٹنٹ پروفیسر) نے انجام دیئے۔

انقلاب
THE INQUILAB
05-05-2023

# حیدرآباد کی مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں داخلوں کا آغاز، ۸ر نئے کورس متعارف

حیدرآباد (پریس ریلیز): مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے تعلیمی سال ۲۴-۲۰۲۳ء کیلئے مرکزی کیمپس حیدرآباد اور دیگر سیٹیلائٹ کیمپسوں لکھنو و سری نگر کے علاوہ مختلف ریاستوں میں موجود کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ایز) اور پالی ٹیکنکس کے لیے ریگولر کورسس میں آن لائن داخلوں کا اعلامیہ جاری کر دیا ہے۔ اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی ملک کی یہ واحد یونیورسٹی ہے جسے حال ہی میں این اے اے سی سے اے پلس گریڈ حاصل ہوا ہے۔

گزشتہ برسوں شروع کیے گئے بی ووک کورسز کے طلبہ کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر اس سال ماسٹر آف ووکیشنل کورس (ایم ووک) کا آغاز کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایم ووک (میڈیکل امیجنگ ٹیکنالوجی اور میڈیکل لیباریٹری ٹیکنالوجی) نئے کورسز میں شامل ہیں۔ ان کے علاوہ اردو ثقافتی مطالعات اور تقابلی مطالعات میں پی ایچ ڈی، ایم ایس سی (طبیعیات، کیمیائی، نباتیات اور حیوانیات)، کل وقتی پی جی ڈپلوما ٹیچنگ انگلش، تلگو، کشمیری اور ترکی زبان کے سرٹیفکیٹ کورسز شامل ہیں۔

پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق انٹرنس کے ذریعہ داخلہ دیئے جانے والے کورسیز میں پی ایچ ڈی عربی، اردو، انگریزی، ہندی، فارسی، مطالعات ترجمہ، تقابلی مطالعات، مطالعات نسواں، نظم ونسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سوشیالوجی، دکن اسٹڈیز، اردو ثقافتی مطالعات، تعلیم، صحافت و ترسیل عامہ، مینجمنٹ، کامرس، ریاضی، طبیعیات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات اور کمپیوٹر سائنس شامل ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر انٹرنس کی اساس کے کورسیز میں پوسٹ گریجویٹ پروگرامس ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، ایم ایڈ اور بی ایڈ، یوجی میں بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس) اور بی ٹیک (سی ایس) لیٹرل انٹری شامل ہیں۔



حیدرآباد میں واقع یونیورسٹی کا شاندار کیمپس

پیشہ ورانہ ڈپلوما کورسز میں ایلیمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ)، پالی ٹیکنک - ڈپلوما ان انجینئرنگ (سیول، کمپیوٹر سائنس، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن، انفارمیشن ٹیکنالوجی، میکانیکل، الیکٹریکل و الیکٹرانکس، آٹو موبائل اینڈ اپیرل ٹکنالوجیز انجینئرنگ) شامل ہیں۔ انٹرنس کے کورسس میں آن لائن درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ ۲۸ر مئی ۲۰۲۳ء ہے۔

میرٹ کی بنیاد پر داخلے کے کورسز میں ایم اے، ایم ایس ڈبلیو (سوشل ورک)، صحافت و ترسیل عامہ، ایم کام اور ایم ایس سی، ایم ووک (ایم ایل ٹی اور ایم آئی ٹی)، مختلف پی جی ڈپلوما، ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ کورسیز دستیاب ہیں۔ ان کورسز میں آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری ۲۴ر جولائی ہے۔ لکھنو اور سری نگر کیمپس میں ایم اے اور پی ایچ ڈی میں داخلے ہیں۔ جبکہ سی ٹی ایز دربھنگہ اور بھوپال میں ایم ایڈ، بی ایڈ اور پی ایچ ڈی (تعلیم)، سی ٹی ایز (سری نگر، آسنسول، اورنگ آباد، سنبھل، نوح اور بیدر) میں بی ایڈ کورس دستیاب ہے۔ ڈپلوما انجینئرنگ کورسز پالی ٹیکنیک، دربھنگہ، بنگلور، کڑپہ اور کٹک میں موجود ہیں۔ درخواستیں صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تفصیلات ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ کسی وضاحت کے لیے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ داخلہ ہیلپ ڈیسک رابطہ برائے عمومی رہنمائی کے لئے موبائل نمبرات 6302738370, 9866802414, 6207728673, 8527164610 اور 8178388177 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

STANDARD POST, 05-05-2023

# Lecture 'Impact of Economic Decisions on Education" held at MANUU

(Standard Post Bureau)

Hyderabad, May 4 : The Department of Education and Training, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) yesterday organized an online lecture in connection with the G20 University Connect Programme. Prof. Rumesh Chander (Retd.), Central Institute of Education, University of Delhi delivered an online lecture on "the Impact of Economic Decisions on Education: Reflections in New Education Policy 2020".

Prof. Rumesh talked about the initiatives taken under NEP 2020 to ensure quality education and to equip students with the skills needed to succeed in the competitive job market. He also discussed the impact of various economic decisions taken by the government on the education sector in India. The lecture was followed by open discussion. Prof. Siddiqui Mohd Mahmood, Dean, School of Education & Training delivered welcome address. Prof. Mohd. Moshahid, Head, Department of Education gave concluding remarks and Dr. Ashwani, Associate Professor proposed vote of thanks.

Urdu Action, Bhopal, 05-05-2023

# مانو میں اقتصادی فیصلوں کے تعلیم پر اثرات کے موضوع پر لیکچر کا انعقاد

حیدرآباد، 4/ مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام G20 یونیورسٹی کنیکٹ پروگرام کے تحت پروفیسر رمیش چندر، یونیورسٹی آف دہلی (ریٹائرڈ) کا بعنوان ”تعلیم پر اقتصادی فیصلوں کے اثرات: قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں عکاسی“ آن لائن لیکچر کا کل انعقاد عمل میں آیا۔ انہوں نے معیار اور طلبہ کو مسابقتی جاب مارکٹ کے لیے درکار مہارتوں سے لیس کرنے کے لیے این ای پی 2020 کے تحت کیے گئے اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت نے خیر مقدمی خطاب کیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبہ نے افتتاحی خطاب کیا۔ ڈاکٹر اشونی، اسوسیٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ بڑی تعداد میں دیگر جامعات کے طلبہ اور اساتذہ نے بھی اس لیکچر میں آن لائن شرکت کی۔

Urdu Action, Bhopal, 05-05-2023

# فرانس میں تعلیمی مواقع پر اردو یونیورسٹی میں پروگرام





حیدرآباد، 4/مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور کیمپس فرانس انڈیا (سی ایف آئی) کے اشتراک سے "فرانس میں تعلیمی مواقع" پر آج ایک لیکچر منعقد کیا گیا۔ سی پی ڈی یو ایم ٹی آڈیٹوریم، مانو کیمپس میں منعقدہ پروگرام کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔ اس موقع پر کیمپس فرانس کی نمائندہ محترمہ مرین رانگھان، نے فرانس کے تعلیمی نظام، داخلے کے لیے درکار ضروریات، دستیاب کورسس کے متعلق مفید معلومات فراہم کیں تاکہ طلبہ فرانس کے کثیر تعلیمی مواقع سے استفادہ کرسکیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ ملک نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو نافذ کر رہا ہے تاکہ ہندوستانی تعلیمی نظام کو نئی جہت دی جاسکے۔ آج کا پروگرام بھی نئی تعلیمی پالیسی کے تحت طلبہ کی رہنمائی اور ان کے درخشاں مستقبل کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔ ہمارے ملک میں جہاں زیادہ سے زیادہ طلبہ بیرون ملک میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں انہیں اس طرح کے پروگرام، وہاں دستیاب مواقع اور مستقبل کے لیے ان کی ذہن سازی میں معاون ہوتے ہیں۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، پروفیسر محمد فریاد، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت، پروفیسر شکیل احمد، اسکول برائے سائنسی علوم بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ بڑی تعداد میں طلبہ نے پروگرام میں شرکت کی اور کیمپس فرانس کے نمائندوں سے سوالات کرتے ہوئے معلومات میں اضافہ کیا۔

Urdu Action, Bhopal, 05-05-2023

# اردو یونیورسٹی کے شعبہ اسلامک اسٹڈیز میں ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ وفد کا دورہ




حیدرآباد، 4/ مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اسلامک اسٹڈیز کا ہنری مارٹن انسٹیٹیوٹ سے مذہبی رہنماؤں پر مشتمل ایک وفد نے دورہ کیا۔ اس موقع پر ایک تعارفی نشست بعنوان ''ثقافتی تنوع، مذہب اور نظام تعلیم کی تفہیم'' کا اہتمام کیا گیا، جس میں ڈاکٹر فادر وکٹر ایڈون سینئر ریسرچ فیلو اسلامک اسٹڈیز، ودیا جیوتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ کا مقصد عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان رشتے کو سمجھنا اور مضبوط کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مختلف مذاہب کی تفہیم کیلئے ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ ہر سال سمر اسکول کے تحت ملک اور بیرون ملک کے طلبہ، اساتذہ اور پادریوں پر مشتمل وفد مختلف جامعات اور تحقیقی اداروں کا دورہ کرتا ہے، تاکہ مختلف مذاہب کی تعلیمات کو سمجھا جاسکے۔

پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر عبد المجید قدیر خواجہ نے اسلام کی بنیادی تعلیمات پر خطاب کرتے ہوئے سورہ اخلاص کی روشنی میں اللہ کی وحدانیت اور انبیا کی ضرورت پر بات کی نیز محمد ﷺ کی شخصیت کو مصلح قرار دیتے ہوئے بتایا کہ آپ ﷺ نے زندگی کے ہر میدان میں عملی بدلاؤ لاکر لوگوں کی رہنمائی کی۔ اس کے بعد پروفیسر محمد حبیب نے اپنے صدارتی خطاب میں اسلامی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اسلام کے ساتھ دوسرے مذاہب کی تعلیمات سے بھی واقفیت حاصل کرنی چاہئے تاکہ مذہبی بھائی چارگی کو فروغ دیا جاسکے۔ خطاب کے بعد سوال و جواب کی نشست منعقد ہوئی جس میں ہنری مارٹن کے وفد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس تعلیمی نشست سے استفادہ کا موقع ملا اور اسلام کی صحیح تعلیمات سے واقفیت ہوئی۔ پروگرام کا آغاز مدیحہ بیگم (ایم اے سال دوم) کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، ڈاکٹر محمد عرفان احمد (اسسٹنٹ پروفیسر) نے استقبالیہ کے ساتھ شعبہ کا تعارف پیش کیا۔

# Talk on ‘Higher education opportunities in France’ held at MANUU

By Voiceup Media     May 5, 2023

Hyderabad: Maulana Azad National Urdu University (MANUU) and Campus France India (CFI) on Thursday organized a talk on ‘Higher Education Opportunities in France’ at CPDUMT Auditorium, MANUU Campus.



Ms. Mirrin Raikhan, delegate of Campus France in her talk gave valuable information about the education system, admission requirements and the available courses with the aim of offering students a wider range of study options in France.

Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor in his presidential remarks said the country is implementing the New Education Policy 2020 which aims to transform India’s education system and today’s programme as part of NEP is for the welfare of students for their bright future.

The programme highlighted the growing collaboration between France and India in the field of education. “With more and more students seeking to study abroad, such programmes provide an excellent platform for them to explore their options and also to get awareness about their future,”

Prof. Ishtiaque Ahmed, Registrar, Prof. Mohammad Fariyad, Dean, School of Mass Communication & Journalism, Prof. Shakeel Ahmed, School of Sciences shared the dais.

Large number of students attended the programme and interacted with the Campus France representatives and learned about different study options and asked questions related to future academic pursuits.

The Munsif Daily

# Talk on ‘Higher education opportunities in France’ held at MANUU



Ms. Mirrin Raikhan, delegate of Campus France in her talk gave valuable information about the education system, admission requirements and the available courses with the aim of offering students a wider range of study options in France.

Posted by: Mohammed Amjad Last Updated: 4 May 2023 - 21:20

**Hyderabad**: Maulana Azad National Urdu University (MANUU) and Campus France India (CFI) today organized a talk on ‘Higher Education Opportunities in France’ at CPDUMT Auditorium, MANUU Campus.

Ms. Mirrin Raikhan, delegate of Campus France in her talk gave valuable information about the education system, admission requirements and the available courses with the aim of offering students a wider range of study options in France.

Prof. Syed Ainul Hasan, Vice-Chancellor in his presidential remarks said the country is implementing the New Education Policy 2020 which aims to transform India’s education system and today’s programme as part of NEP is for the welfare of students for their bright future.

The programme highlighted the growing collaboration between France and India in the field of education. With more and more students seeking to study abroad, such programmes provide an excellent platform for them to explore their options and also to get awareness about their future.

Prof. Ishtiaque Ahmed, Registrar, Prof. Mohammad Fariyad, Dean, School of Mass Communication & Journalism, Prof. Shakeel Ahmed, School of Sciences shared the dais.

Large number of students attended the programme and interacted with the Campus France representatives and learned about different study options and asked questions related to future academic pursuits.

# Lecture 'Impact of Economic Decisions on Education" held at MANUU

The Department of Education and Training, Maulana Azad National Urdu University (MANUU) yesterday organized an online lecture in connection with G20 University Connect Programme. Prof. Rumesh Chander (Retd.), Central Institute of Education, University of Delhi delivered an online lecture on "the Impact of Economic Decisions on Education: Reflections in New Education Policy 2020".

Prof. Rumesh talked about the initiatives taken under NEP 2020 to ensure quality education and to equip students with the skills needed to succeed in the competitive job market. He also discussed the impact of various economic decisions taken by the government on the education sector in India.

The lecture was followed by open discussion.

Prof. Siddiqui Mohd Mahmood, Dean, School of Education & Training delivered welcome address. Prof. Mohd. Moshahid, Head, Department of Education gave concluding remarks and Dr. Ashwani, Associate Professor proposed vote of thanks.

The faculty members, research scholars, students of the department and other universities attended the lecture.

اعتماد — 5 MAY 2023

## مانو میں اقتصادی فیصلوں کے تعلیم پر اثرات کے موضوع پر لکچر

حیدرآباد، 4 مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام G20 یونیورسٹی کنیکٹ پروگرام کے تحت پروفیسر رمیش چندر، یونیورسٹی آف دہلی (ریٹائرڈ) کا بعنوان تعلیم پر اقتصادی فیصلوں کے اثرات: قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں عکاسی آن لائن لیکچر کا کل انعقاد عمل میں آیا۔ انہوں نے معیار اور طلبہ کو مسابقتی جاب مارکٹ کے لیے درکار مہارتوں سے لیس کرنے کے لیے این ای پی 2020 کے تحت کیے گئے اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت نے خیر مقدمی خطاب کیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبہ نے اختتامی خطاب کیا۔ ڈاکٹر اشونی، اسوسیٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ بڑی تعداد میں دیگر جامعات کے طلبہ اور اساتذہ نے بھی اس لیکچر میں آن لائن شرکت کی۔

رہنمائے دکن — 6 MAY 2023

## مانو میں اقتصادی فیصلوں کے تعلیم پر اثرات کے موضوع پر لیکچر کا انعقاد

حیدرآباد، 5 رمئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام G20 یونیورسٹی کنیکٹ پروگرام کے تحت پروفیسر رمیش چندر، یونیورسٹی آف دہلی (ریٹائرڈ) کا بعنوان ''تعلیم پر اقتصادی فیصلوں کے اثرات: قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں عکاسی'' آن لائن لیکچر کا کل انعقاد عمل میں آیا۔ انہوں نے معیار اور طلبہ کو مسابقتی جاب مارکٹ کے لیے درکار مہارتوں سے لیس کرنے کے لیے این ای پی 2020 کے تحت کیے گئے اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت نے خیر مقدمی خطاب کیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبہ نے اختتامی خطاب کیا۔ ڈاکٹر اشونی، اسوسیٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ بڑی تعداد میں دیگر جامعات کے طلبہ اور اساتذہ نے بھی اس لیکچر میں آن لائن شرکت کی۔

RD

راشٹریہ سہارا — 6 MAY 2023

## اردو یونیورسٹی میں اقتصادی فیصلوں کے تعلیم پر اثرات کے موضوع پر لیکچر

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ تعلیم و تربیت کے زیر اہتمام G20 یونیورسٹی کنیکٹ پروگرام کے تحت پروفیسر رمیش چندر، یونیورسٹی آف دہلی (ریٹائرڈ) کا بعنوان ''تعلیم پر اقتصادی فیصلوں کے اثرات: قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں عکاسی'' آن لائن لیکچر کا کل انعقاد عمل میں آیا۔ انہوں نے معیار اور طلبہ کو مسابقتی جاب مارکٹ کے لیے درکار مہارتوں سے لیس کرنے کے لیے این ای پی 2020 کے تحت کیے گئے اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ پروفیسر صدیقی محمد محمود، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت نے خیر مقدمی خطاب کیا۔ پروفیسر محمد مشاہد، صدر شعبہ نے اختتامی خطاب کیا۔ ڈاکٹر اشونی، اسوسیٹ پروفیسر نے شکریہ ادا کیا۔ بڑی تعداد میں دیگر جامعات کے طلبہ اور اساتذہ نے بھی اس لیکچر میں آن لائن شرکت کی۔

RS 6

CS Scanned with CamScanner

رہنمائے دکن

5 MAY 2023

اعتماد

## مانو کے شعبہ اسلامک اسٹڈیز میں ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ وفد کا دورہ

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اسلامک اسٹڈیز کا ہنری مارٹن انسٹیٹیوٹ سے مذہبی رہنماؤں پر مشتمل ایک وفد نے دورہ کیا۔ اس موقع پر ایک تعارفی نشست بعنوان ''ثقافتی تنوع، مذہب اور نظام تعلیم کی تفہیم'' کا اہتمام کیا گیا، جس میں ڈاکٹر فادر وکٹر ایڈون سینئر ریسرچ فیلو اسلامک اسٹڈیز، ودیا جیوتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ کا مقصد عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان رشتے کو سمجھنا اور مضبوط کرنا ہے۔



انہوں نے مزید کہا کہ مختلف مذاہب کی تفہیم کیلئے ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ ہر سال سمر اسکول کے تحت ملک اور بیرون ملک کے طلبہ، اساتذہ اور پادریوں پر مشتمل وفد مختلف جامعات اور تحقیقی اداروں کا دورہ کرتا ہے، تاکہ مختلف مذاہب کی تعلیمات کو سمجھا جاسکے۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر عبدالمجید قدیر خواجہ نے اسلام کی بنیادی تعلیمات پر خطاب کرتے ہوئے سورہ اخلاص کی روشنی میں اللہ کی وحدانیت اور انبیا کی ضرورت پر بات کی نیز محمدؐ کی شخصیت کو مصلح قرار دیتے ہوئے بتایا کہ آپؐ نے زندگی کے ہر میدان میں عملی بدلاؤ لاکر لوگوں کی رہنمائی کی۔ اس کے بعد پروفیسر محمد حبیب نے اپنے صدارتی خطاب میں اسلامی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اسلام کیساتھ دوسرے مذاہب کی تعلیمات سے بھی واقفیت حاصل کرنی چاہئے تاکہ مذہبی بھائی چارگی کو فروغ دیا جاسکے۔ خطاب کے بعد سوال و جواب کی نشست منعقد ہوئی جس میں ہنری مارٹن کے وفد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس تعلیمی نشست سے استفادہ کا موقع ملا اور اسلام کی صحیح تعلیمات سے واقفیت ہوئی۔ پروگرام کا آغاز مدیحہ بیگم (ایم اے سال دوم) کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، ڈاکٹر محمد عرفان احمد (اسسٹنٹ پروفیسر) نے استقبالیہ کیساتھ شعبہ کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد سراج الدین (اسسٹنٹ پروفیسر) نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر عاطف عمران (اسسٹنٹ پروفیسر) نے انجام دئے۔

## اردو یونیورسٹی میں ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ وفد کا دورہ

حیدرآباد، 4 مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ہنری مارٹن انسٹیٹیوٹ سے مذہبی رہنماؤں پر مشتمل ایک وفد نے دورہ کیا۔ اس موقع پر ایک تعارفی نشست بعنوان ثقافتی تنوع، مذہب اور نظام تعلیم کی تفہیم کا اہتمام کیا گیا، جس میں ڈاکٹر فادر وکٹر ایڈون سینئر ریسرچ فیلو اسلامک اسٹڈیز، ودیا جیوتی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ کا مقصد عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان رشتے کو سمجھنا اور مضبوط کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مختلف مذاہب کی تفہیم کیلئے ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ ہر سال سمر اسکول کے تحت ملک اور بیرون ملک کے طلبہ، اساتذہ اور پادریوں پر مشتمل وفد مختلف جامعات اور تحقیقی اداروں کا دورہ کرتا ہے، تاکہ مختلف مذاہب کی تعلیمات کو سمجھا جاسکے۔ پروگرام کے مہمان مقرر ڈاکٹر عبدالمجید قدیر خواجہ نے اسلام کی بنیادی تعلیمات پر خطاب کرتے ہوئے سورہ اخلاص کی روشنی میں اللہ کی وحدانیت اور انبیا کی ضرورت پر بات کی نیز محمد کی شخصیت کو مصلح قرار دیتے ہوئے بتایا کہ آپ نے زندگی کے ہر میدان میں عملی بدلاو لاکر لوگوں کی رہنمائی کی۔ اس کے بعد پروفیسر محمد حبیب نے اپنے صدارتی خطاب میں اسلامی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اسلام کے ساتھ دوسرے مذاہب کی تعلیمات سے بھی واقفیت حاصل کرنی چاہئے تاکہ مذہبی بھائی چارگی کو فروغ دیا جاسکے۔ خطاب کے بعد سوال وجواب کی نشست منعقد ہوئی جس میں ہنری مارٹن کے وفد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس تعلیمی نشست سے استفادہ کا موقع ملا اور اسلام کی صحیح تعلیمات سے واقفیت ہوئی۔ پروگرام کا آغاز مدیحہ بیگم (ایم اے سال دوم) کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، ڈاکٹر محمد عرفان احمد (اسسٹنٹ پروفیسر) نے استقبالیہ کے ساتھ شعبہ کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد سراج الدین (اسسٹنٹ پروفیسر) نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر عاطف عمران (اسسٹنٹ پروفیسر) نے انجام دئے۔

Scanned with CamScanner

روزنامہ سہارا

## فرانس میں تعلیمی مواقع پر اردو یونیورسٹی میں پروگرام



حیدرآباد (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور کیمپس فرانس انڈیا (سی ایف آئی) کے اشتراک سے 'فرانس میں تعلیمی مواقع' پر آج ایک لیکچر منعقد کیا گیا۔ سی پی ڈی یو ایم ٹی آڈیٹوریم، مانو کیمپس میں منعقدہ پروگرام کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔ اس موقع پر کیمپس فرانس کی نمائندہ محترمہ مرین رائکھان، نے فرانس کے تعلیمی نظام، داخلے کے لیے درکار ضروریات، دستیاب کورس کے متعلق قیمتی معلومات فراہم کیں تاکہ طلبہ فرانس کے کثیر تعلیمی مواقع سے استفادہ کرسکیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ ملک نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو نافذ کررہا ہے تاکہ ہندوستانی تعلیمی نظام کو نئی جہت دی جاسکے۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، پروفیسر محمد فریاد، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت، پروفیسر شکیل احمد، اسکول برائے سائنسی علوم بھی شہ نشین پر موجود تھے۔

رہنمائے دکن — 5 MAY 2023

## فرانس میں تعلیمی مواقع پر اردو یونیورسٹی میں پروگرام

حیدرآباد: 4/ مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور کیمپس فرانس انڈیا (سی ایف آئی) کے اشتراک سے "فرانس میں تعلیمی مواقع" پر آج ایک لیکچر منعقد کیا گیا۔ سی پی ڈی یو ایم ٹی آڈیٹوریم، مانو کیمپس میں منعقدہ پروگرام کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔ اس موقع پر کیمپس فرانس کی نمائندہ محترمہ مرین رائکھان، نے فرانس کے تعلیمی نظام، داخلے کے لیے درکار ضروریات، دستیاب کورس کے متعلق قیمتی معلومات فراہم کیں تاکہ طلبہ فرانس کے کثیر تعلیمی مواقع سے استفادہ کرسکیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ ملک نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو نافذ کررہا ہے تاکہ ہندوستانی تعلیمی نظام کو نئی جہت دی جاسکے۔ آج کا پروگرام بھی نئی تعلیمی پالیسی کے تحت طلبہ کی رہنمائی اوران کے درخشاں مستقبل کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔ ہمارے ملک میں جہاں زیادہ سے زیادہ طلبہ بیرون ملک میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں انہیں اس طرح کے پروگرام، وہاں دستیاب مواقع اور مستقبل کے لیے ان کی ذہن سازی میں معاون ہوتے ہیں۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، پروفیسر محمد فریاد، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت، پروفیسر شکیل احمد، اسکول برائے سائنسی علوم بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ بڑی تعداد میں طلبہ نے پروگرام میں شرکت کی اور کیمپس فرانس کے نمائندوں سے سوالات کرتے ہوئے معلومات میں اضافہ کیا۔

Telangana Today

## Talk on education in France

CITY BUREAU
Hyderabad

Maulana Azad National Urdu University (MANUU) and Campus France India (CFI) organised a talk on 'Higher Education Opportunities in France'. Mirrin Raikhan, delegate of Campus France in her talk gave information about the education system, admission requirements and the available courses with the aim of offering students a wider range of study options in France.

Sakshi

## ఫ్రాన్స్‌లో భారత విద్యార్థులకు మంచి అవకాశాలు

సీఎఫ్ఐ ప్రతినిధి మిర్రిన్ రైఖాన్



ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో ప్రసంగిస్తున్న సీఎఫ్ఐ ప్రతినిధి మిర్రిన్ రైఖాన్

రాయదుర్గం: భారతదేశ విద్యార్థులకు ఫ్రాన్స్‌లో ఉన్నత విద్యావకాశాలు ఉన్నాయని క్యాంపస్ ఫ్రాన్స్ ఇండియా (సీఎఫ్ఐ) ప్రతినిధి మిర్రిన్‌రైఖాన్ స్పష్టం చేశారు. గచ్చిబౌలిలోని మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో సీపీడీయూఎం టీ ఆడిటోరియంలో ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం, క్యాంపస్ ఫ్రాన్స్ ఇండియా సంయుక్తంగా 'ఫ్రాన్స్‌లో ఉన్నత విద్యావకాశాలు' అనే అంశంపై ప్రత్యేక కార్యక్రమాన్ని నిర్వహించారు. ఈ సందర్భంగా ఆమె మాట్లాడుతూ భారత్‌లోని విద్యార్థులకు ఫ్రాన్స్‌లో విస్తృతమైన అధ్యయన ఎంపికలను అందించే లక్ష్యంతో పనిచేస్తున్నామన్నారు. విద్యావ్యవస్థ, ప్రవేశ అవసరాలు, అందుబాటులో ఉన్న కోర్సుల గురించి విలువైన సమాచారాన్ని విద్యార్థులకు అందించారు. ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం వైస్ చాన్స్‌లర్ ప్రొఫెసర్ సయ్యద్ ఐనుల్ హసన్ మాట్లాడుతూ భారతదేశంలో విద్యావ్యవస్థను మార్చే లక్ష్యంతో దేశం కొత్త విద్యావిధానం-2020ని అమలు చేస్తోందన్నారు. కార్యక్రమంలో ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం రిజిస్ట్రార్ ప్రొఫెసర్ ఇష్తియాక్ అహ్మద్, మాస్ కమ్యూనికేషన్ అండ్ జర్నలిజమ్ స్కూల్ డీన్ ప్రొఫెసర్ మహ్మద్ ఫరియాద్, స్కూల్ ఆఫ్ సైన్సెస్ ప్రొఫెసర్ షకీల్ అహ్మద్, విద్యార్థులు పాల్గొన్నారు.

اعتماد

## فرانس میں تعلیمی مواقع پر اردو یونیورسٹی میں پروگرام

حیدرآباد، 4 مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور کیمپس فرانس انڈیا (سی ایف آئی) کے اشتراک سے فرانس میں تعلیمی مواقع پر آج ایک لیکچر منعقد کیا گیا۔ سی پی ڈی یو ایم ٹی آڈیٹوریم، مانو کیمپس میں منعقدہ پروگرام کی صدارت پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کی۔ اس موقع پر کیمپس فرانس کی نمائندہ محترمہ مرین رائکھان، نے فرانس کے تعلیمی نظام، داخلے کے لیے درکار ضروریات، دستیاب کورس کے متعلق قیمتی معلومات فراہم کیں تاکہ طلبہ فرانس کے کثیر تعلیمی مواقع سے استفادہ کرسکیں۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے کہا کہ ملک نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 کو نافذ کررہا ہے تاکہ ہندوستانی تعلیمی نظام کو نئی جہت دی جاسکے۔ آج کا پروگرام بھی نئی تعلیمی پالیسی کے تحت طلبہ کی رہنمائی اوران کے درخشاں مستقبل کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔ ہمارے ملک میں جہاں زیادہ سے زیادہ طلبہ بیرون ملک میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں انہیں اس طرح کے پروگرام، وہاں دستیاب مواقع اور مستقبل کے لیے ان کی ذہن سازی میں معاون ہوتے ہیں۔ اس موقع پر پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار، پروفیسر محمد فریاد، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت، پروفیسر شکیل احمد، اسکول برائے سائنسی علوم بھی شہ نشین پر موجود تھے۔ بڑی تعداد میں طلبہ نے پروگرام میں شرکت کی اور کیمپس فرانس کے نمائندوں سے سوالات کرتے ہوئے معلومات میں اضافہ کیا۔

Scanned with CamScanner

F 17 MAY 2023 منصف

# تعلیم اور روزگار کے مواقع




ساجد معراج
9553839786


## مولانا آزاد اُردو یونیورسٹی میں داخلوں کا آغاز۔ 8 نئے کورس متعارف، پی ایچ ڈی، پیرامیڈیکل و سائنسی علوم میں پی جی کورس۔ پیشہ ورانہ اور تکنیکی پروگرامس دستیاب

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے تعلیمی سال 24-2023 کے لیے مرکزی کیمپس حیدرآباد اور دیگر سٹیلائٹ کیمپس لکھنؤ و سری نگر کے علاوہ مختلف ریاستوں میں موجود کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ایز) اور پالی ٹیکنیکس کے لیے ریگولر کورسس میں آن لائن داخلوں کا اعلامیہ جاری کردیا ہے۔ اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی ملک کی یہ واحد جامعہ ہے۔ جسے حال ہی میں NAAC سے A+ گریڈ حاصل ہوا ہے۔ گذشتہ برسوں شروع کیے گئے بی۔ ووکیشنل کورسز کے طلبہ کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر اس سال ماسٹر آف ووکیشنل کورس (ایم ووکیشنل) کا آغاز کیا گیا ہے۔ اسی طرح ایم۔ ووکیشنل (میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی اور میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی) نئے کورسز میں شامل ہیں۔ ان کے علاوہ اردو ثقافتی مطالعات اور تقابلی مطالعات میں پی ایچ ڈی، ایم ایس سی (طبیعیات، کیمیا، نباتات اور حیوانیات)، کل وقتی پی جی ڈپلوما ٹیچنگ انگلش، تلگو، کشمیری اور ترکی زبان کے سرٹیفکیٹ کورسز شامل ہیں۔

انٹرنس کے ذریعہ داخلہ دیے جانے والے کورسز میں پی ایچ ڈی عربی، اردو، انگریزی، ہندی، فارسی، مطالعات ترجمہ، تقابلی مطالعات؛ مطالعات نسواں، نظم و نسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سوشیالوجی، دکن اسٹڈیز، اردو ثقافتی مطالعات؛ تعلیم؛ صحافت و ترسیل عامہ، مینجمنٹ، کامرس، ریاضی، طبیعیات، کیمیا، نباتات، حیوانیات اور کمپیوٹر سائنس شامل ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر انٹرنس کی اساس کے کورسز میں پوسٹ گریجویٹ پروگرامس ایم بی اے، ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس) اور گریجویشن بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس)، بی ٹیک (سی ایس) لیٹرل انٹری شامل ہیں۔

پیشہ ورانہ ڈپلوما کورسز میں ایلمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ)؛ پالی ٹیکنک ڈپلوما ان انجینئرنگ (سیول، کمپیوٹر سائنس، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن، انفارمیشن ٹکنالوجی، میکانیکل، الیکٹریکل و الیکٹرانکس، آٹو موبائل اینڈ اپیرل ٹکنالوجیز انجینئرنگ) شامل ہیں۔ انٹرنس کے کورسس میں آن لائن درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 28 مئی 2023 ہے۔




میرٹ کی اساس پر داخلے کے کورسز میں ایم اے (عربی، اردو، انگریزی، ہندی، فارسی، مطالعات ترجمہ، مطالعات نسواں، نظم و نسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سماجیات لیگل اسٹڈیز)، ایم ایس ڈبلیو (سوشل ورک)، صحافت و ترسیل عامہ، ایم کام اور ایم ایس سی (ریاضی، طبیعیات، کیمیا، نباتات، حیوانیات)، ایم ووکیشنل میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی (ایم ایل ٹی) اور امیجنگ ٹکنالوجی ایم آئی ٹی)، مختلف پی جی ڈپلوما کورسس ان ٹیچنگ انگلش (کل وقتی) اور پی جی ڈپلوما پروگرام (جزوقتی) فنکشنل اردو، ہندی اور ٹرانسلیشن، پروفیشنل عربک ٹرانسلیشن،

ڈپلوما کورسس (جزوقتی) تحسین غزل، عربی، فارسی، پشتو، فرانسیسی، روسی، اسلامک اسٹڈیز،

سرٹیفکیٹ کورسز (جزوقتی) سرٹیفکیٹ کورس، اردو، پروفیشنسی ان عربی، فارسی، پشتو، فرانسیسی، روسی، تلگو، کشمیری، ترکی دستیاب ہیں۔ ان کورسز میں آن لائن فارم داخل کرنے کی آخری 24/جولائی ہے۔

نوٹ: تمام درخواست گزاروں کیلئے لازمی ہیکہ وہ کم از کم دسویں/ بارہویں/ گریجویشن میں اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کر چکے ہوں یا بحیثیت زبان/ مضمون اردو کامیاب ہوں یا یونیورسٹی کے منظور شدہ مماثل مدرسہ کورس جن کا ذریعہ تعلیم اردو ہوں۔ سوائے زبانوں کے تمام پروگراموں کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔

لکھنؤ اور سری نگر کیمپس میں ایم اے و پی ایچ ڈی میں داخلے ہیں۔ جبکہ سی ٹی ایز دربھنگہ اور بھوپال میں ایم ایڈ، بی ایڈ اور پی ایچ ڈی (تعلیم)، سی ٹی ایز (سری نگر، آسنسول، اورنگ آباد، سنبھل، نوح اور بیدر) میں بی ایڈ کورس دستیاب ہے۔ ڈپلوما انجینئرنگ کورسز پالی ٹیکنیک، دربھنگہ، بنگلور، کڑپہ اور کٹک میں موجود ہیں۔ درخواستیں صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تفصیلات ویب سائٹ www.manuu.edu.in پر دستیاب ہیں۔ کسی وضاحت کیلئے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ داخلہ ہیلپ ڈیسک رابطہ برائے عمومی رہنمائی کے لیے موبائل نمبرات 6207728673, 9866802414, 6302738370, 8527164610 اور 8178388177 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔


CS Scanned with CamScanner